نمبر ۲۸ — جلد ۴۰

RAMPUR STATE GAZET

گزٹ ریاست رامپور

بحکم نواب ... اعلیٰ حضرت ...

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ محرم الحرام ۱۳۴۷ھ مطابق ۹ جولائی ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابتہ تصحیح نمبر امارتی سائیکلان	۱
۲	اخراج اسم محمد یعقوب صاحب سپلہ افسر	۱و۲
۳	اضافہ منشی گور بخش۔	۲
۴	بابتہ ناپسندیدگی ارسال تار بلا توسط	۲
۵	تنبیہ وہدایت سپرنٹنڈنٹ پولیس دربارہ شکایت ہیڈ کانسٹبل۔	۳
۶	رخصت نائب تحصیلدار سوار۔	۳
۷	بر بنائے درخواست بھاٹی رودوارہ۔	۳
۸	اظہار اشرف علی خان بابت کمزوری	۳
۹	اخراج اسم وغیرہ ... کسی کچہری یا تحصیل۔	۳
۱۰	رخصت سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل۔	۳
۱۱	اضافہ منشی گنگا سروپ محرر۔	۳
۱۲	نقشہ ارسالی دفتر خانہ جات	۴

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۰ جون سنہ ۱۹۲۸ء

کاغذات نسبت شکایت نمبر سائیکلس ملاحظہ ہوئے۔ اس باب میں صرف سپرنٹنڈنٹ پولیس کی رپورٹ مناسب ہے۔ جملہ سائیکلوں کے مالکان کو چاہیے کہ وہ سائیکل کے پچھے مٹ گارڈ کے بعد درج نمبر کا ہونا کہ دیکھنے میں دشواری نہ ہو۔ حکم ہذا کی تاریخ اشاعت سے پندرہ روز کے اندر حسب ضرورت نمبر امارتی صحیح ہو جائے۔ ورنہ بعد گزر جانے مدت مذکورہ کے اگر کسی سائیکل پر خلاف جگہ پر پائی گئے تو حسب قاعدہ پولیس سے زیر دفعہ ۸۸ کارروائی ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل برائے اطلاع عام درج گزٹ ہو۔ میونسپلٹی سے بھی ذریعہ آواز ڈھول منادی کرادی جائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری بہادر تبریز

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۵ جون سنہ ۱۹۲۸ء

صاحب ہوم سکریٹری بہادر کی تین عرضداشتیں مع متعلقہ مسلہ افسر ملاحظہ ہوئیں۔ جنکی نسبت حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) محمد یعقوب سپلہ افسر شاہ آباد ... کا نام ملازمت سے خارج کیا جائے۔

سپلہ افسر جنکے ... باقاعدہ ... اور احکام ضابطہ صدر سے جاری ہو جائیں اس وقت تک

نہیں جا سکتے۔

(۲) صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دوسرے آدمی کا جلد انتظام کرین۔

(۳) یاد ہوتا ہے کہ شریف حسین سینٹری انسپکٹر ہو بنا سے سفارش صاحب ملٹری سکریٹری بہادر و نیز صاحب چیف مڈیکل افیسر مستقل کردیا گیا تھا۔ اور محمد احمد یخ(؟) ہنوز استحان(؟) ارکھا گیا تھا۔ مگر چند بار مدت بڑھادی گئی تھی۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اول ہر دو سینٹری انسپکٹران کی نسبت صاحب چیف مڈیکل افیسر سے مفصل کیفیت طلب ہو۔

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی صاحب ملٹری سکریٹری بہادر بتوسط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر صاحب چیف مڈیکل افیسر کے پاس بھیجی جائے۔ اور ایک نقل عرضداشت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر مورخہ ۲۴ جون سنہ ۱۹۲۸ء بھی صاحب چیف مڈیکل افیسر کے پاس بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۵ جون سنہ ۱۹۲۸ء

صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کی عرضداشت ملاحظہ ہوئی۔

(۱) حسب استدعا محمود الحسن کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہے۔

(۲) منوہن لال کلرک کا اضافہ یاد پڑتا ہے کہ حال میں ہوچکا ہے۔ نیز اس سے پہلے بھی صاحب ملٹری سکریٹری بہادر نے لکھا تھا۔ جسپر ہمنے یہی حکم دیا تھا۔ نے الحال اضافہ نہیں دیا جا سکتا۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون

دستخط عالیجناب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۷ جون سنہ ۱۹۲۸ء

سکریٹری صاحبان بہادر کے بعض ماتحت افسران صیغہ کا حال میں یہ عمل دیکھا گیا کہ تار وغیرہ بلا توسط اپنے سکریٹری صاحب بہادر کے ہمارے پاس بمقام شملہ روانہ کئے۔ یہ طرز عمل ناپسندیدہ اور خلاف ضابطہ ہے۔

ہمارے آیندہ جملہ ملازمان کو ہدایت کیجائے کہ کوئی مراسلت خواہ بذریعہ تار ہو یا عرضی وغیرہ کے ذریعہ سے ہو بلا توسط ہمارے پاس نہ آنے پائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک ایک نقل صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ آتش کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کرادیجائے۔ سکریٹری صاحبان بہادر اپنے صیغہ جات ماتحت میں اطلاع دیدیں۔

حسب الحکم دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۲۶ جون سنہ ۱۹۲۸ء

مورد رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کی دربارہ رخصت سید ابو القاسم ہیڈ کانسٹبل متعینہ تھانہ ملک و سید ریاست علی سب انسپکٹر کچہری ہمارے ملاحظہ سے گذری۔ ہمارا منشا یہ نہیں ہے کہ کسیکو مذہبی کاروبار سے روکا جائے۔ بلکہ ہمنے یہ حکم دیا تھا کہ اگر سب ہیڈ کانسٹبل اور سب انسپکٹر چھٹی پر چلے جائینگے تو کام کس طریقہ سے چلیگا۔ نیز ایام محرم میں سرکاری کام زیادہ ہو جاتا ہے۔ بہتر ہوگا کہ فرداً فرداً رخصت پر جائین۔

(۱) سید ریاست علی کی رخصت چار یوم کی منظور ہے۔

(۲) سید ابو القاسم کی اول رخصت نامنظور ہوچکی تھی۔ جب اُسنے دوبارہ عذرات پیش کئے تو صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت جنکو ہمنے بائی آرڈر کرنے کی اختیارات عطا کئے ہیں اُنھوں نے وہ کاغذات جسپر نامنظوری ہوچکی تھی دیکھنے کو منگوائے۔ ہیڈ کانسٹبل مذکور حکم ہونے سے پہلے روزنامچہ پر رپٹ درج کرکے بلا اجازت چلا گیا حالانکہ سکریٹری صاحب بہادر موصوف اسکو رخصت شاید دیدیتے یا اُسکو چاہئے تھا کہ دفتر میں حاضر ہوکر اُنسے عرض کرتا۔ یہ طریقہ بالکل مہمل ہے۔ لہذا اُسکو یوم حاضری سے برخاست کیا جائے۔ جملہ اہالیان پولیس کو ہم متنبہ کرتے ہیں کہ آیندہ سے یہ طریقے بند کئے جائین۔ ورنہ مناسب تدارک کیا جائیگا۔ ایسا کرنے کے یہ معنی ہیں کہ جسکا دل چاہا چلا گیا اور جسکا دل چاہا آگیا۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس انسپکٹران حلقہ انسپکٹران لائن کورٹ انسپکٹر و سب انسپکٹران انچارج اسکے پورے ذمہ دار ہیں کہ آیندہ سے ایسے مہمل حرکات سرزد نہ ہون ورنہ ہم اُنسے سخت بازپرس کرینگے۔ ایسی نازیبا حرکات بغیہ آدمیوں پر اثر ڈالتے ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت اور چونکہ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر پولیس کا ایکشن ہمارے حکم سے کرتے ہیں اُنکے پاس بھی ایک نقل بھیجی جائے۔ ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس اس روبکار کی نقلیں تمام چوکیات و تھانہ جات و سررشتہ کورٹ اور پولیس لین کو بھیجدین۔ اور سید ابو القاسم کی جگہ کا انتظام کیا جائے۔

رپورٹ اجلاس ہذا میں پیش کریں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب [illegible] بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

مثبۂ عرضی منشی مصطفےٰ حسین خان نائب تحصیلدار سوار از شفاخانہ مرادآباد دربارہ عطائے رخصت مزید ۱۱ یوم از ۲۴ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء بوجہ علالت پسر خود۔

حکم

بسلسلۂ سابقہ رخصت ۱۱ یوم بانتقام سابقہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جرمانہ

۴ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

بملاحظہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مدرس اول بہاری دروازہ کا غیر حاضری کا عادی ہونا پایا جاتا ہے۔ اس مرتبہ سید صدیق مدرس اول مدرسہ بہاری دروازہ پر ایک روپیہ جرمانہ کیا گیا۔ اگر آیندہ مدرس کی غیر حاضری کی شکایت آئی تو برخاست کر دیا جائیگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۴ر جولائی سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس سے اشرف علی خان چہارم پاس کا تقرر مدرسہ کوہ [illegible] پرگنہ حضور تحصیل میں امتحاناً برائے چند ماہ بعہدہ ما ماہوار تنخواہ پر منظور کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۱۹ر جون سنہ ۱۹۲۶ء

مثبۂ رپورٹ افسر صاحب شاگرد پیشہ معہ مدرقہ صاحب کنٹرولر آف ہاؤس ہولڈ دربارہ منظوری استعفا مسمیان رفاقی ولد مختار حسین بخش، جبرائیل ولد کریم بخش کہاران ملازم باورچیخانہ بوجہ کمی تنخواہ۔ اور آیندہ نہ ملنے ملازمت ریاست میں۔

حکم

نام خارج کیا جائے۔ احکام ممنوع روزگار ہونے کے حسب رپورٹ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

۲۷ر جون سنہ ۱۹۲۶ء

مثبۂ رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت دس یوم صاحب سپرنٹنڈنٹ جنگی بوجہ علالت۔

حکم

تاریخ درخواست رخصت سابقہ سے دس یوم کی رخصت رعایتی منظور کیجاتی ہے۔ زمانہ رخصت منشی محمود حسن انسپکٹر تعمیرات رعایا کام کرینگے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بغرض اجرائے احکام کاغذات صدر کو مرسل ہوں۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

واقع ۲۴ر جون سنہ ۱۹۲۶ء

کشن سروپ محرر صدر دفتر جنگی دیرینہ ملازم ہے۔ کار متعلقہ نہایت محنت اور مستعدی سے انجام دیتا ہے۔ حسابی رجسٹران متعلقہ جنگی وقت جانچ اکاؤنٹ میونسپلٹی کوئی بر آمد نہیں ہوئی۔ خدمات جنگی کے علاوہ ڈیوٹی کوٹھی ہذا کا کام بھی نہایت محنت و مستعدی سے انجام دیتا ہے چونکہ پانچ روپیہ ماہوار تنخواہ نامبردہ قلیل ہے اسلئے بنظر پرورش ماتحت فوری نامبردہ کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور ہو۔ اس اضافہ کا عملدرآمد یکم جولائی سنہ ۱۹۲۶ء سے ہوگا۔ لہذا حکم ہوا کہ روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

مطبوعہ ۹ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء جلد ۲

نقشہ نرخ بازار اجناس ریاست رامپور ابتداء ۲۱ لغایت آخر جون سنہ ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم			[illegible]			[illegible]	
نخود خالص			۸ر			۸ر	
نخود کسہ آمیز			۸ر			۸ر	
کسہ			۹ر			۹ر	
ماش			۰			۶ر	
مونگ			۰			۵ر	
مکا			۰			۱۵ر	
جئی			۱۸ر			۱۲ر	
گوجئی			۹ر			۱۰ر	
عدس			۹ر			۸ر	
ارہر			۹ر			۸ر	
برنج			۵ر			۵ر	
روغن زرد			۵ چھٹانک			۱۰	
روغن سیاہ			۱ر			۱ر	
روغن کنجد			۱ر			۱ر	
نمک سانبھر			۱۲ر			۱ر	
نمک لاہوری			۶ر		۰	۱۲ر	
قند سیاہ			۶ر			۸ر	
باجرہ			۰			۰	

نقشہ نرخ بازار اجناس ریاست رامپور ہفتہ اول سن ابتداء ماہ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	[illegible]		[illegible]			۶ر	[illegible]
نخود خالص	۸ر		۸ر			۸ر	
نخود کسہ آمیز	۸ر		۸ر			۸ر	
کسہ	۸ر		۸ر			۹ر	
ماش	۶ر		۶ر			۶ر	
مونگ	۵ر		۵ر			۵ر	
مکا	۱۲ر		۰			۱۰ر	
جئی	۱۱ر		۱۱ر			۱۲ر	
گوجئی	۱۱ر	-	۱۰ر			۱۰ر	
عدس	۸ر		۸ر			۸ر	
ارہر	۷ر		۸ر			۸ر	
برنج	۵ر		۵ر			۵ر	
روغن زرد	۵ چھٹانک		۵ چھٹانک			۱۰	
روغن سیاہ	۱ر		۱ر			۱ر	
روغن کنجد	۱ر		۱ر			۱ر	
نمک سانبھر	۱۲ر		۱۲ر			۱۲ر	
نمک لاہوری	۶ر	+	۶ر			۸ر	
قند سیاہ	[illegible]		۵ر			۸ر	
باجرہ	۶ر		۰			۵ر	

نقشہ بارش ہفتہ وار سن ابتداء ۲۹ جون لغایت ۵ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء ریاست رامپور

تاریخ روز	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون	تعداد خط	افزون
۲۹ جون سنہ ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۰	۱۷	۰	۲۲	۰	۱۲	۰	۲	۰	۲	-	۹
۳۰ جون سنہ ۱۹۲۸ء یوم شنبہ	۳	۲۱	۱۸	۲۱	۱۴	۲۶	۲	۳	۴	۲	۵	۱۴
یکم جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم یکشنبہ	۱½	۲۲½	۱۲	۵۷	۱۱	۲۷	۰	۴	۰	۹	۰	۱۴
۲ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم دوشنبہ	۰	۲۲½	۰	۵۷	۰	۳۸	۰	۴	۰	۶	۰	۱۴
۳ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۲½	۰	۵۷	۶	۴۳	۶	۸	۰	۶	۰	۱۴
۴ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم چہارشنبہ	۱	۲۳½	۰	۵۷	۰	۴۳	۰	۸	۰	۶	۳	۱۷
۵ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء یوم پنجشنبہ	۰	۲۳½	۴	۶۱	۳	۴۶	نقشہ نہیں	۰	۱۴	۲۰	۰	۱۸